انٹرنیٹ کا استعمال

راک ووڈ اسکول ڈسٹرکٹ کا ایک بڑا ہدف الیکٹرانی انفارمیشن ٹیکنالوجی، بشمول طلباء، عملے، اساتذہ اور ڈسٹرکٹ کی انتظامیہ کو الیکٹرانک میل (ای میل) اور انٹرنیٹ تک رسائی، فراہم کر کے وسائل شریک کرنے، جدت اور ابلاغ کو ممکن بنا کر بہترین تعلیمی کارکردگی کو فروغ دینا ہے۔ ایک الیکٹرانی آلے کے طور پر استعمال سے ٹیکنالوجی طلباء کے سیکھنے میں اضافہ کر سکتی ہے اور کئی پرجدت طریقوں سے تعلیم کی ممکنات کو بڑھاتا ہے۔ انٹرنیٹ اور ای میل کو ایسے طریقے سے استعمال کیا جائے گا، جو ڈسٹرکٹ کے طرز عمل کے معیارات کے مطابق ہو اور ملازمین یا طالبعلم کی ذمہ داریوں کی عمومی انجام دہی کا حصہ ہو گی۔ ٹیکنالوجی کے وسائل کا کسی خلل انگیز، نامناسب یا غیر قانونی طریقے سے استعمال ڈسٹرکٹ کے مقصد کو نقصان پہنچاتا ہے، وسائل ذائع کرتا ہے اور برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ڈسٹرکٹ کی ٹیکنالوجی اور الیکٹرانی وسائل کا استعمال ایک مراعت ہے، جسے کسی بھی وقت منسوخ کیا جا سکتا ہے۔

راک ووڈ اسکول ڈسٹرکٹ کے کمپیوٹر کے تمام صارفین کو درج ذیل چیزوں کے بارے میں آگاہ ہونا چاہیے:

- تمام صارفین، جنہیں ڈسٹرکٹ کے ٹیکنالوجی وسائل تک رسائی فراہم کی جاتی ہے، سے اعلی درجے کی پیشہ ورانہ اور ذاتی ذمہ داری برقرار رکھنے کی توقع کی جاتی ہے۔ ملازمین کی ہینڈ بکس اور رویے کی توقعات کی پالیسی (بورڈ پالیسی/قاعدہ 2610) میں تمام موجودہ قواعد موجود ہیں اور ان کا واضح طور پر الیکٹرانی تحقیق یا ابلاغ کرنے والے طلباء اور ملازمین پر اطلاق ہوتا ہے۔

- مجاز ملازمین کی جانب سے ڈسٹرکٹ کے انٹرنیٹ اور ای میل وسائل کے محدود ذاتی استعمال کی اس حد تک اجازت ہے کہ اس سے نوکری میں کارکردگی پر فرق نہ پڑتا ہوتا ہے اور اس میں ایسی سرگرمیاں شامل نہ ہوں، جو ڈسٹرکٹ کی پالیسیوں قواعد کی کسی شک یا عمل درآمد کی خلاف ورزی نہ کرتی ہوں، ڈسٹرکٹ کی ٹیکنالوجی کے اپنے طلباء کے فائدے کے لیے استعمال میں رکاوٹ کا باعث نہ بنیں اور ڈسٹرکٹ کے وسائل کو ضائع نہ کریں۔

- اگر کوئی ملازم انٹرنیٹ کے استعمال کے قواعد کی خلاف ورزی دیکھتا ہے، تو اس ملازم کو اس واقعے کے متعلق اپنے سپروائزر کو اطلاع دینی چاہیے۔

- اگر کوئی طالبعلم انٹرنیٹ کے استعمال کے قواعد کی خلاف ورزی دیکھتا ہے، تو اس طالبعلم کو اس واقعے کے متعلق اپنی عمارت کے پرنسپل کو اطلاع دینی چاہیے۔

- راک ووڈ اسکول ڈسٹرکٹ انٹرنیٹ کے مواد کو فلٹر کرتا ہے۔ یہ ان انٹرنیٹ سائٹس کو محدود کرتا ہے، جن تک کمپیوٹر نیٹ ورک کے تمام صارفین، بشمول طلباء، اساتذہ، انتظامیہ، دیگر عملہ اور باہر سے آنے والے لوگ رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ چونکہ ڈسٹرکٹ میں انٹرنیٹ تک رسائی فراہم کرنے کے لیے ای-ریٹ فنڈز استعمال کیے جاتے ہیں، ڈسٹرکٹ کو CIPA کے قواعد کی پابندی کرنے والا مواد کی فلٹرنگ کا سسٹم استعمال کر کے چلڈرنز انٹرنیٹ پروٹیکشن ایکٹ (CIPA) کی پابندی کرنی ہو گی۔ یہ حدود متنازعہ مواد تک رسائی کو محدود کرنے کے لیے ایک مکمل نقص سے پاک فلٹر نہیں فراہم کرتیں اور راک ووڈ اسکول ڈسٹرکٹ قابل اعتراض مواد تک رسائی حاصل کرنے کے نتیجے میں ہونے والی کسی نقصان کا ذمہ دار نہیں ہو گا۔

- تمام الیکٹرانک انفارمیشن ٹیکنالوجی کی سرگرمی، بشمول ای میل اور انٹرنیٹ پر تلاش، کی راک ووڈ اسکول ڈسٹرکٹ کے ٹیکنالوجی کے عملے کی جانب سے نگرانی کی جائے گی اور طلباء اور ملازمین کو ایسے کسی بھی ڈیٹا میں رازداری کا کوئی حق حاصل نہیں ہے۔ کوئی بھی ایسی کمپیوٹر کی سرگرمی، بشمول، مگر ان تک محدود نہیں، ای میل پیغام یا انٹرنیٹ پر تلاش، جس کا کسی نامناسب یا غیر قانونی سرگرمی سے تعلق ہو، کے بارے میں موزوں حکام کو اطلاع دی جائے گی۔ جرم کا ارتکاب کرنے کے مشکوک افراد کی اتی معلومات اور ذاتی ڈیٹا کی فائلز بھی ڈسٹرکٹ کی انتظامیہ کی جانب سے تحقیق کاروں کو فراہم کی جا سکتی ہیں۔ ڈسٹرکٹ تلاشی کے کسی بھی وارنٹ کی پابندی کرے گا، بشمول USA پیٹریوٹ ایکٹ 2001، جو دہشتگردی کے جرائم کو ہدف بناتا ہے۔

- غیر مجاز افراد پاسورڈ استعمال نہیں کر سکتے۔ سسٹم کے پاسورڈ موصول کرنے والے افراد ان پاسورڈز کے درست استعمال کی ذمہ داری لیں گے۔ اگر کوئی طالبعلم یا عملے کا رکن محسوس کرتا ہے کہ نیٹ ورک پر سیکورٹی کا کوئی مسئلہ ہے، ڈسٹرکٹ کے کسی پاسورڈ کا غلط استعمال ہوا ہے یا پاسورڈ باہر کسی کے پاس چلا گیا ہے، تو اسے فوراً ٹیکنالوجی ہیلپ ڈیسک کو معاملے کی اطلاع کرنی چاہیے۔

- تمام صارفین کو الیکٹرانی ابلاغ، بشمول اجازت کے بھیر معلومات تک رسائی، پاسورڈ شریک کرنے یا سسٹم میں خرابی پیدا ہونے کا سبب بننے، کے حوالے سے موجودہ ریاستی اور وفاقی قوانین پر عمل کرنا چاہیے۔ تمام صارفین کو راک ووڈ اسکول ڈسٹرکٹ کے الیکٹرانک ڈیٹا اور الیکٹرانک میل (ای میل) ذخیرہ کرنے کے حوالے سے تمام قواعد اور پالیسیوں کی پابندی کرنی چاہیے۔

- ڈسٹرکٹ کے سرورز پر انسٹال کیے جانے والے تمام سافٹ ویئر کو ٹیکنالوجی ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے پیشگی طور پر منظور شدہ ہونا چاہیے۔ ڈسٹرکٹ سروسرز پر ڈالے جانے والے طلباء کے پراجیکٹس کو قابل قبول مواد کے حوالے سے ڈسٹرکٹ کی رہنما ہدایات پر عمل کرنا چاہیے۔ طلباء کی اشاعات پر ڈسٹرکٹ کی پالیسیوں اور قواعد کا اطلاق اسکول کی جانب سے اسپانسر کردہ ویب اشاعتوں پر بھی ہو گا۔

- طلباء اور ملازمین، جو تحقیقی سرگرمیوں، جنہیں عام طور پر "ہیکنگ" کہا جاتا ہے، پر مراعات کی منسوخی اور ڈسٹرکٹ کی جناب سے تادیبی کارروائی اور ساتھ ہی ساتھ ڈسٹرکٹ کی کسی پالیسی اور ایسے ریاستی اور/یا وفاقی قوانین کے نفاذ کا اطلاق ہو گا، جن کی خلاف ورزی کی گئی ہو۔ ہیکنگ کو غیر قانونی طریقے سے حاصل کردہ ڈسٹرکٹ، کسی کاروبار یا کسی دیگر حکومتی ایجنسی کی فائلز، پاسورڈز، کمپیوٹر سسٹمز یا پروگراموں یا دیگر املاک کو غیر مجاز طور پر دیکھنے، نقل کرنے، پھیلانے، ہٹانے، نقصان پہنچانے اور تبدیل کرنے کے طور پر بیان کیا جا سکتا ہے۔

- طلباء اور ملازمین سے الیکٹرانی نیٹ ورک کے ضابطہ اخلاق کے عمومی طور پر قبول کردہ قواعد کی پابندی کی توقع کی جاتی ہے: تمام ابلاغ میں شائستگی اختیار کریں؛ مناسب زبان استعمال کریں؛ ڈسٹرکٹ کی جانب سے مانگی گئی ذاتی معلومات کے علاوہ دیگر شریک نہ کریں؛نیٹ ورک کو نقصان نہ پہنچائیں، خلل پیدا نہ کریں یا دوسروں کی جانب سے اس کے استعمال کو نہ روکیں؛ سمجھیں کہ نیٹ ورک کے ذریعے تمام تبادلے عوامی ہیں۔

- ڈسٹرکٹ کی انٹرنیٹ کے استعمال کی پالیسی اور قواعد کی خلاف ورزی کے نتائج کو نافذ کیا جائے گا اور ان میں شامل ہیں، مگر ان تک محدود نہیں: ڈسٹرکٹ کے نیٹ ورک کی مراعات کی معطلی؛ نیٹ ورک کی مراعات کی منسوخی؛ کمپیوٹر اور انٹرنیٹ تک رسائی کی معطلی؛ کمپیوٹر اور انٹرنیٹ تک رسائی کی منسوخی؛ اسکول سے معطلی؛ نکالا جانا؛ ملازمین کے تادیبی کارروائی، جس میں زیادہ سے زیادہ شامل ہو سکتا ہے: نکالا جانا؛ معاشی نقصان کی تلافی کے لیے قانونی کارروائی؛ مجرمانہ عمل کی قانونی کارروائی۔

درج ذیل سرگرمیاں ان چیزوں میں شامل ہیں، جن کی راک ووڈ اسکول ڈسٹرکٹ کے نیٹ ورک پر اجازت نہیں اور راک ووڈ اسکول ڈسٹرکٹ پالیسی/قاعدہ 6321 کی خلاف ورزی کرتی ہیں:

- طلباء یا ملازمین کے متعلق رازدارانہ معلومات شریک کرنا، ماسوائے یہ کہ ایسا پیشہ ورانہ فرائض کی انجام دہی کے لیے ہو۔
- ڈسٹرکٹ کی موجودہ پالیسی یا قانونی تعریفوں کے تحت نقصان دہ، توہین آمیز، پورنوگرافک، تباہ کن ڈیوائسز کی تفصیل والا، نفرت انگیز، غیر قانونی یا بصورت دیگر قابل اعتراض مواد تک رسائی حاصل کرنا
- الیکٹرانی ڈیٹا کی فائلز یا ای میل میں فحش، بیہودہ، حراسگی والی یا توہین آمیز زبان استعمال کرنا
- کسی بھی طریقے سے ای میل، الیکٹرانک ڈیٹا یا دیگر نیٹ ورک تک رسائی کے ذریعے دوسروں کو حراساں کرنا، دھمکی دینا، بےعزتی کرنا یا نقصان پہنچانا
- کسی بھی طریقے یا ٹیکنالوجی کے ذریعے سیکورٹی سسٹمز کو میں نقص پیدا کرنے کی کوشش کرنا
- دوسرے صارفین کے پاسورڈز کو استعمال کرنا یا نکلوا لینا
- اپنا پاسورڈ دوسرے صارفین کے ساتھ شریک کرنا
- دوسروں کی ڈیٹا فائلز کو بغیر رضامندی کے رسائی کرنے، تباہ کرنے یا نقصان پہنچانے کی کوشش کرنا
- ٹیکنالوجی ڈیپارٹمنٹ سے منظوری کے بغیر پیکٹ کیپچر یا نیٹ ورک سنِفر پروگرام یا سسٹمز چلانا
- ٹیکنالوجی ڈیپارٹمنٹ سے منظوری کے بغیر نیٹ ورک ڈسکوری یا مانیٹرنگ سسٹمز چلانا
- ڈسٹرکٹ کے کمپیوٹرز یا نیٹ ورک ڈیوائسز پر جان بوجھ کر کوئی کمپیوٹر وائرس، ٹروجن ہارس یا دیگر کسی قسم کا میلویئر پروگرام پھیلانا
- کوئی گیم یا تفریحی سافٹ ویئر یا گیم سرور سافٹ ویئر ڈاؤن لوڈ کرنا، ڈالنا، ریلے کرنا یا چلانا، بشمول ایسی گیمز جو ویب براؤزرز کے اندر چلتی ہیں، ماسوائے مخصوص تعلیمی مقاصد کے لیے استعمال ہونے والی
- نیٹ ورک میں خلل ڈالنے یا ڈسٹرکٹ کے کسی بھی سسٹم یا بیرونی سسٹم میں ڈینائل آف سروس پیدا کرنے کے مقصد کے لیے پروگرام چلانا
- ٹیکنالوجی ڈیپارٹمنٹ سے منظوری کے بغیر پیئر ٹو پیئر فائل شیئرنگ سسٹمز چلانا
- ٹیکنالوجی ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے منظوری کے بغیر ویب کانٹینٹ فلٹرنگ سسٹم سے بچ کر گزر جانا یا اسے ہرا دینا
- جان بوجھ کر ایسے پروگرام چلانا جو نیٹ ورک اور/یا اس کے حصوں کو "کریش" کر دیں یا ناقابل بھروسہ بنا دیں
- منظور شدہ مقاصد کے علاوہ دیگر مقاصد کے لیے پیشگی منظوری کے بغیر راک ووڈ اسکول ڈسٹرکٹ کے نیٹ ورک کے ساتھ کوئی وائرلیس ذاتی کمپیوٹنگ ڈیوائس استعمال کرنا یا استعمال کرنے کی کوشش کرنا، بشمول، مگر ان تک محدود نہیں، موسیقی، ویڈیوز یا دیگر ڈیٹا فائلز ڈاؤن لوڈ کرنا
- راک ووڈ اسکول ڈسٹرکٹ کے وائرلیس نیٹ ورک میں خلل ڈالنے کے لیے کوئی وائرلیس ذاتی کمپیوٹنگ ڈیوائس استعمال کرنا یا استعمال کرنے کی کوشش کرنا
- نیٹ ورک، بشمول ای میل سسٹم، کو خدمات پیش کرنے، اشتہار بازی کرنے، رقم جمع کرنے، کاروباری مقاصد یا معاشی فائدے کے لیے استعمال کرنا، ماسوائے یہ کہ ڈسٹرکٹ نے اجازت دی ہو
- نیٹ ورک کو جوئے یا دیگر کسی غیر قانونی سرگرمی کے لیے استعمال کرنا
- ملازمت کے حصے کے طور پر بنائی جانے والی فائلز، ڈیٹا اور/یا مواد کے حوالے سے کاپی رائیٹ کی مراعات کا دعوٰی کرنا
- کسی قسم کے کاپی رائیٹ قوانین کی خلاف ورزی کرنا
- کاپی رائیٹس قوانین کے خلاف کسی کاپی رائیٹ والے سافٹ ویئر کو ڈاؤن لوڈ کرنا، پھیلانا یا نقل کرنا
- کاپی رائیٹس قوانین کے خلاف کاپی رائیٹ والی موسیقی، ویڈیوز یا کسی بھی قسم کے ڈیٹا کو ڈاؤن لوڈ کرنا، پھیلانا یا نقل کرنا
- ٹیکنالوجی ڈیپارٹمنٹ کی منظوری کے بغیر کسی سافٹ ویئر پیکج کو ڈاؤن لوڈ یا انسٹال کرنا
- ڈسٹرکٹ کے کمپیوٹرز پر قانونی طور پر حاصل کردہ موسیقی یا ویڈیو فائلز ڈاؤن لوڈ کرنا، جو اسکول کی اسائنمنٹس یا تعلیمی مقاصد کے لیے درکار نہ ہوں
- ایسے اسٹریمنگ میڈیا پلیئرز (آڈیو یا ویڈیو) استعمال کرنا، جو اسکول کی اسائنمنٹس یا تعلیمی مقاصد کے لیے درکار نہ ہوں
- گمنام ای میل بھیجنا۔

راک ووڈ اسکول ڈسٹرکٹ درج ذیل میں سے کسی بھی چیز کے لیے ذمہ دار نہیں ہو گا:

- ڈسٹرکٹ کے کمپیوٹرز یا نیٹ ورک کے ذریعے حاصل ہونے یا کھونے والی معلومات
- صارفین کی جانب سے ڈسٹرکٹ کی ڈسکیٹس، ہارڈ ڈرائیوز، فائل سرورز یا دیگر میڈیا پر ذخیرہ کردہ معلومات
- ڈسٹرکٹ کے نیٹ ورک اور/یا کمپیوٹرز تک رسائی حاصل کرنے کے نتیجے میں ذاتی املاک کو نقصان
- ایسی متنازعہ معلومات اور مواد، جنہیں ڈسٹرکٹ کے انٹرنیٹ فلٹرنگ سسٹم نے نہ بلاک کیا ہو
- ڈسٹرکٹ کے نیٹ ورک کے ذریعے چیزوں اور/یا خدمات کی مجاز یا غیر مجاز خریداری کی وجہ سے صارف پر پڑنے والی معاشی ذمہ داریاں۔

میں نے مندرجہ بالا کو پڑھ لیا ہے اور ای میل یا انٹرنیٹ تک رسائی حاصل کرنے کے حوالے سے اپنی ذمہ داری اور میری جانب سے ان رہنما ہدایات کی خلاف ورزی کی صورت میں نتائج کو سمجھتا/سمجھتی ہوں۔

نام (بڑے حروف) _____ تاریخ _____

دستخط _____